106563-کیا احرام والے شخص کے لیے غسل کرنا اور احرام کی چادریں تبدیل کرنا جائز ہے ؟

سوال

کیا احرام والا شخص صفائی ستھرائی کے لیے غسل کر سکتا ہے ؟ اور کیا وہ احرام کی چادریں تبدیل کر سکتا ہے ؟

پسندیدہ جواب

"محرم کے لیے صفائی ستھرائی کی غرض سے غسل کرنا جائز ہے؛ کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے احرام کی حالت میں غسل فرمایا، اسی طرح احرام والا شخص میلی یا پرانی چادروں کی جگہ پر زیادہ صاف یا نئی چادریں بھی لے سکتا ہے، اسی طرح اسے سی جیسے اسبابِ راحت اور سکون سے بھی مستفید ہو سکتا ہے" ختم شد

مجموع فتاوی ابن عثیمین : (22/144)